© rasailojaraid.com



محمد رمضان یوسف سلفی




# تبصرہ کتب




نام کتاب: مسائل عیدین
مصنف: پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی
صفحات: 96
قیمت: درج نہیں۔
ناشر: مکتبہ قدوسیہ رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور

اسلام میں مسلمانوں کے لیے سال میں دو دن نہایت خوشی و مسرت کے ہیں۔ ایک عید الفطر اور دوسرا عید الاضحیٰ کا دن۔ ایک مسلمان کے لیے لازم ہے کہ وہ ان ایام کو اسی طرح گزارے جس طرح اسے اسلام نے تعلیم دی ہے۔ پیش نگاہ کتاب اسی سلسلے کی قابل قدر' تحقیقی اور معلوماتی کاوش ہے۔ اس کے مصنف جماعت اہل حدیث کے عظیم مصنف' محقق اور نامور عالمِ دین ڈاکٹر پروفیسر فضل الٰہی صاحب حفظہ اللہ ہیں۔ انہوں نے اپنی اس تصنیف لطیف میں عیدین کے مسائل کی وضاحت کرتے ہوئے چھوٹے بڑے اٹھائیس (۲۸) عنوانات قائم کر کے ان سے متعلق مسائل بیان کیے ہیں۔ ان مسائل میں عید کے دن غسل کرنا' بہترین لباس پہن کر عید کے لیے جانا' عیدین میں کھانا تناول کرنا' عیدگاہ میں نمازِ عید پڑھنا' عورتوں کا عیدگاہ جانا' بچوں کو عیدگاہ لے کر جانا' تکبیرات کا پکارنا' نمازِ عیدین کا حکم' نمازِ عید کا وقت' نماز عید کی رکعتیں' نمازِ عیدین میں زائد تکبیرات کی تعداد' زائد تکبیرات کہتے وقت رفع الیدین کرنا' نماز عید خطبہ سے پہلے ادا کی جائے' عید کی مبارکباد کا مسنون طریقہ' عیدگاہ سے واپسی پر راستہ تبدیل کرنا اور جمعۃ المبارک کے روز عید کا حکم' ایسے اہم موضوعات پر قرآن واحادیث سے دلائل پیش کر کے اسلامی احکام کو بیان کیا ہے۔ کتاب میں صحیح احادیث کو ان کے اصل مآخذ سے نقل کیا گیا ہے۔ بلاشبہ ڈاکٹر صاحب نے بڑی محنت سے یہ کتاب مرتب کی ہے۔ اس کا مطالعہ ہر مسلمان کے لیے بڑا مفید رہے گا۔ کتاب کو خوبصورت شائع کرنے کا اعزاز مکتبہ قدوسیہ کو حاصل ہے۔ عید کی پُر مسرت آمد کے موقع پر جہاں دیگر اشیاء کو ضروریات زندگی کا حصہ سمجھا



© rasailojaraid.com